
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

کتاب کے تمام مشکل الفاظ کے فلیش کارڈ بنا لیں۔ ہر سیشن کے شروع میں ان فلیش کارڈ کی مدد سے بچوں سے الفاظ پڑھوائیں۔ جب بچے یہ الفاظ دیکھیں اور پڑھیں گے تو انہیں اچھی طرح سے ذہن نشین ہو جائیں گے اور کتاب پڑھنے میں آسانی ہو گی۔

## سیشن 1

**15 منٹ** • بچوں سے پوچھیں کہ کیا خوشی اور ناراضی کا مطلب انہیں معلوم ہے۔ وہ کن باتوں یا چیزوں پر خوش ہوتے ہیں۔ کون سی ایسی باتیں ہیں جو انہیں ناراض کرتی ہیں۔

- بچوں کو بولنے کا موقع دیں اور کلاس میں نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ ان کے امی اور ابو کن باتوں پر ناراض ہوتے ہیں۔ وہ انہیں خوش کرنے کے لئے کیا کرتے ہیں۔
- ممکن ہے بچے کہیں کہ وہ جب چیزیں پھیلاتے ہیں تو امی ناراض ہوتی ہیں۔ ان سے پوچھیں کہ کیا کبھی چیزیں بھی ناراض ہوسکتی ہیں۔ بچے جو جواب دیں اسے غلط نہ کہیں۔ پھر پوچھیں کہ کس طرح پتہ چلتا ہے کہ چیزیں ناراض ہیں۔ (ٹوتھ پیسٹ کا ڈھکن بند نہیں ہوتا، صابن غصہ میں ہاتھ سے پھسل جاتا ہے، زمین پر پڑے کپڑے پاؤں میں الجھ کر گرا دیتے ہیں وغیرہ۔)
- بچوں کو بتائیں کہ ہم آج ایک کہانی پڑھیں گے جس میں چیزیں ناراض ہوتی ہیں۔

**15 منٹ** • بچوں کو کہانی **صابن کا پسینہ** پڑھ کر سنائیں۔ ان سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں چیزیں کیوں ناراض ہیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کہانی میں کن کن چیزوں کا ذکر ہے۔ ان چیزوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔ ان الفاظ کو پڑھ کر سنائیں اور پھر بچوں سے پڑھوائیں۔

10 منٹ • بچوں کو 5 گروپ میں تقسیم کریں اور ایک ایک کر کے ہر گروپ میں فلیش کارڈ بانٹیں۔ ہر بچہ فلیش کارڈ لے کر بورڈ تک جائے اور فلیش کارڈ پر لکھا لفظ بورڈ پر لکھے لفظ کے ساتھ رکھ کر پڑھ کر بتائے کہ کیا یہ وہ ہی لفظ ہے۔ صحیح جواب دینے پر گروپ کو نمبر دیں۔ آخر میں سب سے زیادہ نمبر لینے والے گروپ کے لئے کلاس کے سارے بچے تالیاں بجائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • امی سے پوچھیں کہ وہ آپ کی کن باتوں پر خوش اور کن باتوں پر ناراض ہوتی ہیں۔

## سیشن 2

15 منٹ • 15 - 10 بچوں کو موقع دیں کہ وہ بتائیں کہ ان کی امی ان کی کن باتوں سے خوش ہوتی ہیں۔

15 منٹ • بچے کتابیں نکالیں۔ کہانی پڑھ کر سنائیں۔

- 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔

15 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ کی توڑ اور جوڑ پر کام کروائیں۔

کانپ اسکول گلا خشک سوچتے منہ پھلائے چپلیں

- 10 - 8 بچوں کو ایک ایک کر کے بورڈ پر بلائیں اور الفاظ کو الگ الگ حروف میں توڑ کر لکھوائیں۔

نوٹ:

کوشش کریں کہ اس سیشن میں ہر بچہ کم از کم ایک activity میں شامل ہو۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 3 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق "6 x "6 کے سفید کاغذ اور رنگین پنسلوں کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 3

**10 منٹ** • سیشن کا آغاز بات چیت سے کریں۔اس موقع پر نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔ بچوں سے سوال کریں۔

1) کیا آج آپ نے صابن پانی میں پڑا چھوڑ دیا؟
2) کیا آج آپ نے تولیہ پھیلایا تھا؟
3) کیا آج آپ نے ٹوتھ پیسٹ کا ڈھکنا بند کیا تھا؟
4) کیا آج آپ نے کپڑے اور چپلیں اپنی جگہ پر ترتیب سے رکھی تھیں؟
5) کیا آج آپ نے کمرے کا پنکھا بند کیا تھا؟
6) کیا آج آپ نے اپنی چادر اور تکیہ ترتیب سے رکھا تھا؟
7) کیا آج آپ نے شیمپو کی بوتل کا ڈھکنا بند کیا تھا؟

**15 منٹ** • بچوں میں سفید کاغذ اور رنگین پنسلیں بانٹیں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے غسل خانے میں جو چیزیں ہیں ان میں سے کسی بھی 5 چیزوں کی تصویریں بنائیں اور رنگ بھریں۔

15 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ بورڈ پر اردو الفاظ اور ان کا انگریزی ترجمہ بچوں سے پوچھ کر لکھیں۔

| English | اردو |
|---|---|
| soap | صابن |
| bed | پلنگ |
| pillow | تکیہ |
| bottle | بوتل |
| bathroom | غسل خانہ |
| carpet | قالین |

بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • نیچے دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کریں۔
اسکول کمرے بوتل

## سیشن 4

15 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ بچوں کو املا کروائیں۔ بچوں کی کوپی چیک کرنے کے لئے لے لیں۔

30 منٹ • اسم پر کام کروائیں۔ اسم کی تعریف بتائیں اور آس پاس کی چیزوں کی مثال دے کر سمجھائیں۔
(مثلاً: کرسی میز بلیک بورڈ پنکھا لڑکے لڑکیاں)

- بچے کہانی میں سے اسم ڈھونڈ کر اپنی کوپی میں لکھیں اور ان کی تصویریں بنائیں۔
(مثلاً: ٹوتھ پیسٹ چادر چپلیں)

# سیشن 5

45 منٹ • بچوں کو نیچے دی گئی کہانی سنائیں۔

## کہانی

میں آج اپنے دوست کے گھر گیا۔ اس کے کمرے میں مختلف چیزوں سے ہم نے کھیلا، کتابیں پڑھیں۔ ہر کھیل ختم ہوتے ہی میرا دوست اپنی چیزیں واپس ان کی جگہوں پر رکھ دیتا تھا۔ کچھ دیر بعد ہم نے کھانا کھایا۔ میرے دوست نے میری اور اپنی پلیٹیں اور گلاس فوراً اٹھائے اور باورچی خانے کی طرف چل پڑا۔ میں ہاتھ دھونے کیلیئے باتھ روم میں داخل ہوا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ تولیہ، کپڑے، چپلیں، صابن، ٹوتھ پیسٹ اور شیمپو سب میری طرف مسکرا کر دیکھ رہے ہیں۔ اب میری سمجھ میں آگیا تھا کہ میری چیزیں مجھ سے کیوں ناراض تھیں اور دوست کی چیزیں اس سے کیوں خوش تھیں۔

- نیچے دیئے گئے سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں جواب لکھیں۔

1) آپ کے دوست کا کیا نام ہے؟ (اپنی مرضی کا نام دیں۔)
2) آپ اپنے دوست کے گھر گئے تو کیا کھیلا؟ (بچے اپنی مرضی سے جواب لکھیں۔)
3) ہر کھیل یا کام ختم ہونے کے بعد آپ کا دوست کیا کرتا تھا؟
4) آپ کے دوست کے غسل خانے کی ہر چیز کیوں خوش تھی؟
5) آپ کی چیزیں آپ سے خوش رہتی ہیں یا ناراض اور کیوں؟

# صابن کا پسینہ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk